★★★★ اَلَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ: جس نے قلم سے لکھنا سکھایا (القرآن) ★★★★

ABC Certified
سرگودھا، رحیم یارخان اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اردو اخبار

dailywafadsgd1@gmail.com
www.dailywafad.com

اعلیٰ صحافتی اقدار کا علمبردار

DAILY WAFAD SARGODHA

روزنامہ وفد سرگودھا

چیف ایڈیٹر: میاں محمد شوکت

جلد نمبر: 11 | بدھ 17 شوال، 1446ء، 16 اپریل، 2025ء، یکم ویساکھی، 2081ب، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 221

انچارج محتسب آفس سرگودھا خواجہ سیف الرحمن کی کھلی کچہری

گوجرانولہ الیکٹریسٹی کمپنی سے متعلق ضلع منڈی بہاؤالدین کے عوام کی شکایات سنیں

سرگودہا(سٹاف رپورٹر) انچارج محتسب آفس سرگودہا خواجہ سیف الرحمن نے اپنے دفتر میں گوجرانولہ الیکٹریسٹی کمپنی سے متعلق ضلع منڈی بہاؤ الدین کے عوام شکایات سنیں اوراور انھیں موقع پر ہی ریلیف کے احکامات جاری کیے انھون نے واضح کیا کی ذائد یونٹ ڈالنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کے احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا جرم ثابت ہونے پر ایسے اہلکاروں کو اپنی ملازمتوں سے بھی ہاتھ دھونے پڑیں گے انھوں نے کہا کہ بجلی عوامی ضرورت ہے عوام پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں ایسے حالات میں ناجائز بلنگ برداشت نہیں کی جا سکتی انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ اپنے گردونواح پر نظر رکھیں اور بجلی چوری کو روکنے میں بھی اپنا کردار ادا کریں تاکہ چوروں کے ناجائز اقدامات کا بوجھ ان پر نہ پڑے۔

انچارج محتسب آفس سرگودہا خواجہ سیف الرحمن نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری میں مسائل سن رہے ہیں